Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۲۲ صفر ۱۴۰۱ھ ۔ ۳۱ فتح ۱۳۵۹ ہش ۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۸۰ء | نمبر ۲۹۶

اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں رحمتوں اور برکتوں کا مشاہدہ کرانے کے بعد

جماعت احمدیہ کا ۸۸ واں جلسہ سالانہ کامیابی سے اختتام پذیر ہو گیا

پاکستان کے دور و نزدیک اور ممالک بیرون سے قریباً پونے دو لاکھ مہمانوں کی شرکت

ربوہ ۲۸ فتح / دسمبر۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ کا ۸۸ واں جلسہ سالانہ جو کہ پندرھویں صدی ہجری کا پہلا جلسہ سالانہ تھا۔ نہایت کامیابی اور خیر و خوبی سے اختتام پذیر ہو گیا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ۔

اس جلسہ سالانہ میں جو کہ حسب معمول مسجد اقصیٰ کے سامنے والے میدان میں ۲۶۔ ۲۷۔ ۲۸ دسمبر ۱۹۸۰ء کو منعقد ہوا کے متعلق ناظر صاحب اصلاح و ارشاد اور افسر جلسہ گاہ محترم مولانا عبد المالک خان صاحب نے مردانہ و زنانہ جلسہ گاہوں کی حاضری لنگر خانوں سے استفادہ کرنے والوں اپنے طور پر کھانا تیار کرنے والوں اور قصبہ یا شہروں سے روزانہ آنے جانے والوں کے اعداد و شمار کو مدنظر رکھتے ہوئے نمائندہ الفضل کو بتایا کہ امسال جلسہ میں احباب و خواتین کی کل حاضری ایک محتاط اندازے کے مطابق قریباً پونے دو لاکھ رہی۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

اس تین روزہ جلسہ سالانہ میں احباب جماعت نے اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں رحمتوں اور برکتوں کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے یہ ایام اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں اور مسجد مبارک میں باجماعت نماز تہجد کے دوران بہت پُرزور اجتماعی دعاؤں میں گزارے اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تحمید خاص طور پر لا الٰہ الا اللہ کے بابرکت ورد میں یہ بابرکت ایام بسر کئے۔

جلسہ کے پہلے روز افتتاح کے وقت اور دوسرے اور تیسرے روز ظہر و عصر کی نمازوں کے وقفہ کے بعد احباب جماعت نے سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ کے اثر و جذب میں ڈوبے ہوئے پُرمعارف و روح پرور ارشادات سے استفادہ کیا۔ اور حضور کی زریں نصائح سے اپنے ایمانوں کو تازہ کیا۔ اور خدمت دین اسلام کے لئے کام کرنے اور قربانیاں دینے کے ایک نئے عزم اور تعہد کا اظہار کیا۔

جلسہ سالانہ کے روزانہ کے پروگراموں کے علاوہ پہلے روز ۲۶ دسمبر کو مسجد مبارک میں نظارت اصلاح و ارشاد کے تحت شعبہ اجلاس منعقد ہوا اور دوسرے روز مسجد اقصیٰ میں مجلس خدام الاحمدیہ کے شعبہ تحریک جدید کے تحت عالمی زبانوں میں تقاریر کا پروگرام ہوا۔ اس کے علاوہ جدید پریس میں محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے سوالوں کے جوابات دیئے۔ یہ دلچسپ اور معلومات افزا پروگرام ۲۷ دسمبر کی رات کو منعقد ہوا۔

انتظامات جلسہ سالانہ

افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے جلسہ ختم ہونے کے بعد نمائندہ الفضل کو ایک گفتگو میں بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے محض فضل و کرم سے جلسہ سالانہ کے انتظامات کا ہر مرحلہ نہایت خیر و خوبی اور کامیابی سے طے ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ مہمانوں کی زیادہ تعداد اور تینوں روز موسم کی خرابی کی وجہ سے بہت سی دقتیں پیدا ہونے کا احتمال تھا لیکن جلسہ سالانہ کے رضا کار کارکنوں نے نہایت احسن طور پر موسم کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہونے والے حالات کا مقابلہ کیا اور حتی الوسع اپنی اپنی ڈیوٹیوں پر حاضر رہ کر رات اور دن جاگ کر بڑی محنت سے تمام فرائض سرانجام دیئے۔ انہوں نے بتایا کہ اس طرح اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کوئی روک اور مشکل پیدا نہیں ہوئی۔

محترم چوہدری صاحب نے بتایا کہ رہائش کا انتظام ہمارے اندازوں کے مطابق ٹھیک رہا۔ بفضل اللہ تعالیٰ ہماری توقع کے مطابق احباب معمول سے زیادہ تشریف لائے۔ ان کا استقبال کرنے اور انہیں جملہ سہولتیں پہنچانے کے لئے دفتر جلسہ سالانہ پہلے ہی مستعد تھا۔ اسی طرح سے کھانے کے انتظامات میں بھی کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ اور چھ لنگر خانے پوری قوت سے کام کر کے مہمانوں کے لئے کھانا تیار کرتے رہے۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے بتایا اگرچہ رہائش کی کمی ہمیشہ ہی درپیش رہتی ہے اور امسال مہمانوں کی زیادہ تعداد کی وجہ سے بہت بڑی تعداد کو خیموں میں بھی ٹھہرنا پڑا۔ لیکن مہمانوں کے تعاون اور رضا کاروں کی محنت اور فرض شناسی کی وجہ سے تمام کام معمول کے مطابق ہوتا رہا۔

امسال ممالک بیرون سے بھی بڑی تعداد میں مہمان آئے۔ جن کے انتظامات کے لئے تحریک جدید۔ صدر انجمن احمدیہ، خدام الاحمدیہ، انصار اللہ اور دارالضیافت کے گیسٹ ہاؤسز میں انتظامات کئے گئے تھے۔ چنانچہ تمام مہمانوں کو پوری طرح سے آرام و سکون مہیا کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ مہمانوں نے بھی دلی جوش و جذبہ سے تعاون کیا۔ اور معمولی معمولی باتوں کو خاطر میں نہ لائے۔

افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب نے کہا کہ میں تمام رضا کار کارکنوں اور معاونین کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے، اور دین و دنیا میں اس خدمت کا احسن ترین بدلہ عطا کرے۔ آمین ثم آمین

اخبار احمدیہ

۔ ربوہ ۲۹ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

حضرت اقدس کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب کرام التزام اور توجہ سے حضرت اقدس کی صحت و سلامتی اور خیر و عافیت کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔ مولا کریم خالق حقیقی ہمارے پیارے امام کو ہر مشکل اور تکلیف سے بچائے۔ اور اپنی تائیدات سے نوازتا چلا جائے۔ آمین

۔ ربوہ ۲۹ دسمبر۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب کرام حضرت سیدہ ممدوحہ کی صحت و سلامتی کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے آمین

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کی

حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پُرمعارف و شیریں کلام

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی تعمیل میں ۲۷ دسمبر ۱۹۸۰ء کو حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کی تقریر سے قبل مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اوّل تحریک جدید نے حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا درج ذیل منتخب منظوم کلام خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا:۔

حمد و ثنا اسی کو جو ذات جاودانی — ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ غیر اس کے سب ہیں فانی — غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں مرے یہی ہے سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اسکی عظمت — لرزاں ہیں اہلِ قربت کرویوں پہ ہیبت
ہے عام اس کی رحمت کیونکر ہو شکرِ نعمت — ہم سب ہیں اسکی صنعت اس سے کرو محبت
غیروں سے کرنا اُلفت کب چاہے اسکی غیرت
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

سب کا وہی سہارا۔ رحمت ہے آشکارا — ہم کو وہی پیارا، دلبر وہی ہمارا
اس بن نہیں گزارا غیر اس کا جھوٹ سارا
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

یارب ہے تیرا احساں ہیں تیرے در پہ قرباں — تو نے دیا ہے ایماں، تو ہر زماں نگہباں
تیرا کرم ہے ہر آں تو ہے رحیم و رحماں
یہ روز کر مبارک سُبْحَانَ مَنْ یَّرَانِیْ

لطف تو ترکِ طالباں نکند — کس بکارِ رہت زیاں نکند
ذاتِ پاکت بس است یار یکے — دل یکے جاں یکے نگار یکے
ہوئے ہم تیرے اے قادر توانا — ترے در کے ہوئے اور تجھ کو جانا
ہمیں بس ہے ترا در گہ پہ آنا — مصیبت سے ہمیں ہر دم بچانا
کہ تیرا نام ہے غفار و ہادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

نورِ فرقاں ہے جو سب نوروں سے اجلیٰ نکلا — پاک وہ جس سے یہ انوار کا دریا نکلا
حق کی توحید کا مرجھا ہی چلا تھا پودا — ناگہاں غیب سے یہ چشمۂ اصفیٰ نکلا
یا الٰہی تیرا فرقاں ہے کہ اک عالم ہے — جو ضروری تھا وہ سب اس میں مہیا نکلا
تجھے سب زور و قدرت ہے خدایا — تجھے پایا ہر اک مطلب کو پایا
ہر اک عاشق نے ہے اک بُت بنایا — ہمارے دل میں یہ دلبر سمایا
وہی آرامِ جاں اور دل کو بھایا — وہی جس کو کہیں رب البرایا
ہوا ظاہر وہ مجھ پر بالا یادی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا

پُرمعارف و شیریں کلام

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی تعمیل میں ۲۸ دسمبر ۱۹۸۰ء کو حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کے اختتامی خطاب سے قبل مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اوّل تحریک جدید نے حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا درج ذیل منتخب منظوم کلام خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

کس قدر ظاہر ہے نور اس مبدء الانوار کا — بن رہا ہے سارا عالم آئینہ ابصار کا
چاند کو کل دیکھ کر میں سخت بیکل ہو گیا — کیونکہ کچھ کچھ تھا نشاں اس میں جمالِ یار کا
اُس بہارِ حُسن کا دل میں ہمارے جوش ہے — مت کرو کچھ ذکر ہم سے ترک یا تاتار کا

اے خدا اے چارۂ آزارِ ما — اے علاجِ گریہ ہائے زارِ ما
حافظ و ستّاری از جود و کرم — بیکساں را یاری از لطف اتم
حسن و خلق و دلبری بر تو تمام — صحبتے بعد از لقائے تو حرام

جمال و حسن قرآں نورِ جانِ ہر مسلماں ہے — قمر ہے چاند اوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے
نظیر اس کی نہیں جچتی نظر میں فکر کر دیکھا — بھلا کیونکر نہ ہو یکتا کلام پاک رحماں ہے
بہارِ جاوداں پیدا ہے اسکی ہر عبارت میں — نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اس سا کوئی بستاں ہے

ہر طرف فکر کو دوڑا کے تھکایا ہم نے — کوئی دیں دینِ محمدؐ سا نہ پایا ہم نے
مصطفےٰؐ پر ترا بے حد ہو سلام اور رحمت — اس سے یہ نور لیا بارِ خدایا ہم نے

در دلم جوشد ثنائے سرورے — آنکہ در خوبی ندارد ہمسرے
آنکہ در بر و کرم بحرِ عظیم — آنکہ در لطف اتم یکتا دُرے
آنکہ در جود و سخا ابرِ بہار — آنکہ در فیض و عطا یک خاورے
از بنی آدم فزوں تر در جمال — وز لآلی پاک تر در گوہرے
چشمِ من بسیار گردید و ندید — چشمۂ چوں دینِ او صافی ترے
سالکاں را نیست غیر از وے امام — رہرواں را نیست جز وے رہبرے

ربط ہے جانِ محمدؐ سے مری جاں کو مدام — دل کو وہ جام لبالب سے پلایا ہم نے
شانِ حق تیرے شمائل میں نظر آتی ہے — تیرے پانے سے ہی اس ذات کو پایا ہم نے
ہم ہوئے خیرِ اُمم تجھ سے ہی اے خیرِ رسلؐ
تیرے بڑھنے سے قدم آگے بڑھایا ہم نے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضور ایدہ اللہ کی پُرسوز دعائیں

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ۸۸ ویں جلسہ سالانہ کے پہلے روز ۲۶ دسمبر ۱۹۸۰ء کو اپنے افتتاحی خطاب کے شروع میں پُرسوز دعائیں نہایت درد و الحاح کے ساتھ پڑھیں اُن کا متن درج ذیل ہے۔ اس خطاب کا خلاصہ ۲۹ دسمبر کے شمارے میں شائع ہو چکا ہے۔

(۱) رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا۔ (کہف ۔ ۱۱)

ترجمہ:۔ اے ہمارے رب! ہمیں اپنے حضور سے (خاص) رحمت عطا کر اور ہمارے لئے (اس) معاملہ میں رشد و ہدایت کا سامان مہیا کر۔

(۲) رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (الاحقاف ۱۶)

ترجمہ:۔ اے میرے رب! مجھے اس بات کی توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکریہ ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہے اور (اس بات کی بھی توفیق دے) کہ میں ایسے اچھے اعمال کروں جن کو تو پسند کرے اور میری اولاد میں بھی نیکی کی بنیاد قائم کر۔ میں تیری طرف جھکتا ہوں اور میں تیرے فرمانبردار بندوں میں سے ہوں۔

(۳) رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ (القصص ۲۵)

ترجمہ:۔ اے میرے رب! اپنی بھلائی میں سے جو کچھ تو مجھ پر نازل کرے۔ میں اس کا محتاج ہوں۔

(۴) رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (التحریم ۔ ۹)

ترجمہ:۔ اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے فائدے کے لئے پورا کر دے اور ہمیں معاف فرما تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(۵) رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (البقرہ ۲۰۲)

ترجمہ:۔ اے ہمارے رب! ہمیں (اس) دنیا (کی زندگی) میں (بھی) کامیابی دے اور آخرت میں (بھی) کامیابی (دے) اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

احباب جماعت سے گزارش

کل آمد پر شرح کے مطابق لازمی چندہ جات (چندہ عام و حصہ آمد۔ چندہ جلسہ سالانہ) کی ادائیگی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اخلاص اور اموال میں برکت دے۔

(ناظر بیت المال آمد)

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

ساتواں مرحلہ ختم ہونے میں تین ماہ سے کم باقی ہیں

عالمگیر جماعت احمدیہ کے تمام امراء صاحبان سے چاہے وہ کسی ملک سے تعلق رکھتے ہوں۔ یہ درخواست ہے کہ جوبلی فنڈ کی ادائیگیوں کا ساتواں مرحلہ ۲۹ تبلیغ سنہ ۱۶۰ ہش (بمطابق ۲۹ فروری ۱۹۸۱ء) ختم ہو رہا ہے۔ کوشش فرمادیں کہ آپ کے ہاں ایک بھی بقادار نہ رہ جائے جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے

کہ اخبار الفضل خرید کر پڑھے اور تاجر احباب الفضل میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔

(مینیجر الفضل)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترم صاحبزادہ مرزا القمان احمد صاحب سلمہ اللہ کی چک منگلہ میں تشریف آوری

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد پر محترم صاحبزادہ مرزا القمان احمد صاحب سلمہ اللہ خطبہ جمعہ اور تین نکاحوں کے اعلان کے سلسلہ میں ۵/۱۲/۸۰ کو چک منگلہ ضلع سرگودھا تشریف لے گئے محترم صاحبزادہ کے ہمراہ مکرم نسیم مہدی صاحب مبلغ سوئٹزرلینڈ (جو کہ آج کل رخصت پر ربوہ آئے ہوئے ہیں) مکرم محمد اسلم صاحب شاد منگلہ مہتمم مقامی خدام الاحمدیہ ربوہ اور خاکسار ملک اللہ بخش تھے۔ ان چار احباب پر مشتمل یہ قافلہ کار کے ذریعہ ۲۵-۱۰ بجے صبح ربوہ سے روانہ ہو کر ۳۰-۱۲ بجے دوپہر چک منگلہ پہنچا۔

محترم صاحبزادہ صاحب نے پونے دو بجے خطبہ میں آپ نے تین اہم باتوں کی طرف خصوصی توجہ دلائی:-

(۱) آپس میں لڑنا نہیں بلکہ پیار اور محبت سے زندگی بسر کریں۔
(۲) مالی قربانیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اور خود نمونہ بنیں۔
(۳) یہ کہ تبلیغ احمدیت کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت دیں اور کم از کم ہر سال ایک نیا احمدی بنائیں۔

نماز جمعہ کے بعد مکرم نسیم مہدی صاحب نے بھی انہی تین امور کی طرف مزید توجہ دلائی۔ چار بجے شام مکرم رائے عبید اللہ صاحب منگلہ کے گھر تین نکاحوں کی تقریب تھی۔ جہاں کافی تعداد میں غیر احمدی دوست بھی شامل ہوئے۔

تلاوت قرآن مجید کے بعد جو کہ نسیم مہدی صاحب نے کی۔ مکرم سید احمد علی شاہ صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے امام مہدی کی آمد کے وقت اور آمد کی ضرورت بالخصوص ترک رسوم پر تقریر فرمائی۔ اس کے بعد مکرم صاحبزادہ صاحب نے مندرجہ ذیل تین نکاحوں کا اعلان فرماتے ہوئے احباب جماعت کو ان تقریبات میں بلا رسوم سے بچنے اور سادگی اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی۔

پہلا نکاح مکرم حمید اللہ صاحب منگلہ ابن مکرم عبید اللہ صاحب منگلہ کا نکاح مکرمہ امۃ المتین صاحبہ بنت مکرم نائب محمد معصوم صاحب منگلہ کے ساتھ مبلغ دو ہزار روپے حق مہر پر ہونے کا اعلان فرمایا۔

دوسرا نکاح مکرم محمد سراقہ صاحب منگلہ ابن مکرم عبید اللہ صاحب منگلہ کا نکاح مکرمہ امۃ العزیز صاحبہ بنت مکرم محمد معصوم صاحب منگلہ کے ساتھ مبلغ دو ہزار روپے حق مہر پر ہونے کا اعلان فرمایا اور

تیسرا نکاح مکرم محمود احمد صاحب منگلہ ابن مکرم محمد معصوم صاحب منگلہ کا نکاح مکرمہ امۃ الفردوس صاحبہ بنت مکرم عبید اللہ صاحب منگلہ کے ساتھ مبلغ دو ہزار روپے حق مہر پر ہونے کا اعلان فرمایا۔

اعلان نکاح اور دعا کے بعد مکرم صاحبزادہ صاحب معہ قافلہ واپس ربوہ پہنچے۔ احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان رشتوں کو متعلقہ خاندانوں اور اسلام و احمدیت کے لئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب فرمادے۔ آمین۔

(ملک اللہ بخش (واقف زندگی) وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ)

صاحب استطاعت لوگ اخبار خود خرید کر پڑھیں۔ (منیجر الفضل)

اعلان

یکم دسمبر ۱۹۸۰ء سے ہماری ادویات میں استعمال ہونے والے اجزاء اور خام مال وغیرہ کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہو گیا ہے جس کی وجہ سے

یکم جنوری ۱۹۸۱ء

کیوریٹو سسٹم کی ادویات کے ریٹس نئے ہونگے۔ تفصیل کیلئے ریٹ لسٹ ملاحظہ فرمائیں

کیوریٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار۔ ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

پندرہویں صدی کا پہلا جلسہ سالانہ
آؤ لوگو کہ یہیں نور خدا پاؤ گے
مشہور دواخانہ

BABY GROWTH COURSE
بھوک اور ہاضمہ کے لئے
APPETIZER CAPS. 10
افزائش خون کے لئے
BLOOD TONIC TABS - 90
ہڈیوں کی نشوونما کے لئے
BONE TONIC TABS - 90
قیمت ایک ماہ کورس -/۲۱۵ روپے
ڈاک خرچ -/۵۰ روپے
کیوریٹو میڈیسن
(ڈاکٹر راجہ ہومیو)
کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار
ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

سونے، چاندی کے زیورات
اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کیلئے
اور
خرید و فروخت کیلئے
نیز
الیس اللہ بکاف عبدہ کی انگوٹھیاں
دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سندھی و نورتن کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز
پال گولڈ سمتھ
میاں عبدالمنان ولد میاں عبدالسلام صاحب
عقب جمال بکری گولبازار
ربوہ فون ۵۵

پندرہویں صدی خوش آمدید
جلسہ سالانہ کے مبارک ایام
میں
مرکز احمدیت میں تشریف لانیوالے
احباب کی خدمت میں
ہم صدق دل سے مبارکباد عرض کرتے ہیں
آپ کا
ان مبارک ایام میں ربوہ آنا جلسہ کے دنوں میں
یہاں قیام کرنا اور پھر واپس جانا بخیر
مبارک ہو
اور آپ
ان میں زیادہ سے زیادہ روحانی فوائد اٹھا سکیں
دواخانہ حکیم نظام جان
مینجر
حکیم انوار احمد جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
فون ۷۲۹۹۷

درخواست دعا

خاکسار معہ اہل و عیال عرصہ ۵ سال سے ایک ابتلاء سے دوچار ہیں اور کسی قسم کا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے بزرگان سلسلہ و احباب کرام سے عاجزانہ درخواست دعا عرض کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم پر رحم فرمائے۔ ہر شر سے محفوظ رکھے اور مخالفوں کو اپنے بداراوں میں ناکام و نامراد کرے۔ آمین

(شیخ محمود بوٹر والا چوک سمن آباد لاہور)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴